2025-01-13

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

-1 وزیر اعظم نریندر مودی آج جموں و کشمیر میں سون مرگ ٹنل پروجیکٹ کا افتتاح کریں گے۔

-2 دنیا کا سب سے بڑا روحانی اور ثقافتی اجتماع مہا کُمبھ میلہ پریاگ راج میں، پَوش پورنیما کے موقع پر امرت سنان سے شروع ہو رہا ہے۔

-3 فصلوں کا تہوار لوہڑی آج پورے شمالی بھارت میں منایا جا رہا ہے۔

-4 ایران اور تین یوروپی ملکوں کے درمیان تیسرے دور کی نیوکلیائی بات چیت جنیوا میں ہوگی۔

-5 شمالی بھارت میں کڑاکے کی سردی پڑ رہی ہے اور پورے خطّے میں گھنا کہرا چھایا ہوا ہے۔

-6 اور کھوکھو عالمی کپ 2025 آج نئی دلّی میں شروع ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Sonamarg Tunnel

وزیر اعظم نریندر مودی، آج وسطی کشمیر کے گاندر بَل ضلعے میں، سون مرگ ٹنل کا افتتاح کریں گے اور اِسے ملک کے نام وقف کریں گے۔ اِس ٹنل سے گاندر بَل ضلعے میں گگن گیر اور سون مرگ کے درمیان سفر کے وقت میں 20 سے 25 منٹ کی کمی آ جائے گی۔ اِس ٹنل کے شروع ہو جانے سے، سون مرگ میں اندرونِ ملک اور بین الاقوامی سیاحت کو فروغ حاصل ہوگا، جبکہ سون مرگ اور گگن گیر کے درمیان سبھی موسموں میں کنیکٹی وِٹی فراہم ہوگی، جس کے سبب، زیر تعمیر زوجیلا ٹنل کی جانب سڑکوں پر جایا جا سکے گا۔ ٹنل پروجیکٹ کا کام مئی 2015 میں شروع ہوا تھا جو پچھلے سال مکمل ہو گیا تھا۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Tariq Rather

Maha Kumbh

مہا کُمبھ میلا 2025، پَوش پورنیما کے موقع پر پہلے امرت سنان کے ساتھ شروع ہو گیا ہے۔

Opening Music

Mahakumbh Song in Background

لاکھوں عقیدتمند، یاتری اور سیاح، گنگا جمنا اور سرسوتی کے تریوینی سنگم کے مختلف گھاٹوں پر مقدس ڈبکی لگا رہے ہیں۔ یہ عظیم الشان میلہ مہا شیو راتری 26 فروری تک جاری رہے گا۔ حکومت نے اِس عظیم اجتماع کو محفوظ اور یادگار بنانے کی یقین دہانی کے لیے کوئی کسر باقی نہیں رکھ چھوڑی ہے۔ مہا کُمبھ کے لیے 7 زمروں پر مشتمل سکیورٹی انتظامات کیے گئے ہیں۔ پریاگ راج میں، مہا کُمبھ 2025 دنیا کا سب سے بڑا ثقافتی اور روحانی اجتماع ہے، جس میں توقع ہے کہ 45 کروڑ سے زیادہ عقیدتمند شرکت کریں گے۔

ریلوے کا محکمہ لاکھوں عقیدتمندوں کے لیے پریاگ راج آنے اور جانے کے لیے 10 ہزار سے زیادہ ریل گاڑیاں چلا رہا ہے، جس میں 3 ہزار 300 خصوصی ریل گاڑیاں ہیں۔

حکومت نے بنیادی ڈھانچے کی تشکیل، حفاظت، صفائی ستھرائی، صحت، پانی اور بجلی کی سپلائی وغیرہ پر خصوصی توجہ دی ہے۔×

Maha Kumbh

مہا کُمبھ میلا 2025، پَوش پورنیما کے موقع پر پہلے امرت سنان کے ساتھ شروع ہو گیا ہے۔

Opening Music

Mahakumbh Song in Background

لاکھوں عقیدتمند، یاتری اور سیاح، گنگا جمنا اور سرسوتی کے تریوینی سنگم کے مختلف گھاٹوں پر مقدس ڈبکی لگا رہے ہیں۔ یہ عظیم الشان میلہ مہا شیو راتری 26 فروری تک جاری رہے گا۔ حکومت نے اِس عظیم اجتماع کو محفوظ اور یادگار بنانے کی یقین دہانی کے لیے کوئی کسر باقی نہیں رکھ چھوڑی ہے۔ مہا کُمبھ کے لیے 7 زمروں پر مشتمل سکیورٹی انتظامات کیے گئے ہیں۔ پریاگ راج میں، مہا کُمبھ 2025 دنیا کا سب سے بڑا ثقافتی اور روحانی اجتماع ہے، جس میں توقع ہے کہ 45 کروڑ سے زیادہ عقیدتمند شرکت کریں گے۔

ریلوے کا محکمہ لاکھوں عقیدتمندوں کے لیے پریاگ راج آنے اور جانے کے لیے 10 ہزار سے زیادہ ریل گاڑیاں چلا رہا ہے، جس میں 3 ہزار 300 خصوصی ریل گاڑیاں ہیں۔

حکومت نے بنیادی ڈھانچے کی تشکیل، حفاظت، صفائی ستھرائی، صحت، پانی اور بجلی کی سپلائی وغیرہ پر خصوصی توجہ دی ہے۔×

Anand Kumar Live Talks

لائیو بات چیت آنند کمار کے ساتھ

* اب ہم براہِ راست بات کرتے ہیں اپنے نامہ نگار آنند کمار سے، جو اِس وقت پریاگ راج میں موجود ہیں:

1- جی، آنند وہاں عقیدتمندوں میں کیسا جوش و خروش نظر آ رہا ہے؟

2- اور وہاں حفاظتی بندوبست کیسا ہے؟

Lohri

فصلوں کی کٹائی کا تہوار Lohri آج شمالی بھارت بالخصوص پنجاب، ہریانہ، ہماچل پردیش، دلی، جموں اور چنڈی گڑھ میں منایا جا رہا ہے-(Music)

Lohri سردیوں کی طویل راتوں کے اختتام اور گرمیوں کے طویل دنوں کے استقبال کی علامت ہے، جب سورج شمالی نصف کرہ ارض کی طرف اپنے سفر کا آغاز کرتا ہے، Lohri کو بڑے جوش و خروش اور دلچسپی کے ساتھ منایا جاتا ہے جو کہ متعدد روایات اور رسومات سے منسلک ہے- Lohri سے جڑی سب سے مشہور روایت آگ جلانے کی رسم ہے، جو برائی کی طاقتوں کے خاتمے اور خوش قسمتی لانے کی علامت ہے-

لوگ آگ کے گرد روایتی لوک رقص کرتے ہیں اور دوستوں و اہل خانہ کے ساتھ تحائف کا لین دین بھی کرتے ہیں- یہ تہوار زیادہ تر فصل کی کٹائی اور خوشیوں سے جڑا ہوا ہے- اس موقع پر پوپ کارن، مونگ پھلی، ریوڑی اور گجک پڑوسیوں، دوستوں اور رشتہ داروں میں تقسیم کی جاتی ہیں-

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ نے لوہری کے موقع پر اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے- انھوں نے مکر سنکرانتی، پونگل اور ماگ بیہو فیسٹیول کے لیے بھی لوگوں کو مبارکباد پیش کی ہے جو کل 14 تاریخ کو منائے جائیں گے-

اپنے پیغام میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ یہ تہوار ملک کے مالامال، ثقافتی ورثے کے عکاس ہیں اور ہر کسی کی زندگی میں جوش و خروش اور خوشیاں لاتے ہیں-

نائب صدر جمہوریہ نے اس بات کواجاگر کیا کہ یہ تہوار ملک کی قدیم روایت کی نمائندگی کرتے ہیں جو فصلوں کے موسم کو احترام دینے کا ایک ذریعہ ہے-

انھوں نے مزید کہا کہ یہ تہوار ثقافتی روایات کی خوبصورت جھلک پیش کرتے ہیں جو ملک کو واقعی منفرد بناتی ہیں-x

Tilangana Bhogi

تلنگانہ میں، تین روزہ مکرسنکرانتی کی تقریبات آج روایتی جوش و خروش کے ساتھ شروع ہو گئی ہے- ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ فصل کے بعد کا یہ تہوار پوری ریاست اور خاص طور پر دیہی علاقوں میں منایا جا رہا ہے-

V/C - Lakshmi

پہلے دن کی سنکرانتی تقریبات بھوگی منتالو سے، جو آج صبح سویرے الاؤ جلانے کے ساتھ شروع ہو گئی ہیں- لوگ اپنے بچوں کے ساتھ، سڑکوں کے کناروں پر الاؤ جلانے کے لیے آ رہے ہیں- اِن لوگوں نے برائی اور خرابیوں سے نجات حاصل کرنے کے لیے اِس آگ میں ایک علامت کے طور پر اپنی پرانی اور خراب چیزوں کو جلایا ہے- لوگ سنکرانتی لکشمی کو مدعو کر رہے ہیں، جو

خوشحالی کی علامت ہے۔ اِس موقع پر یہ لوگ رنگ برنگی رنگولی، عام کے پتّوں اور گیندے کے پھولوں سے اپنے گھروں کو روایتی طورپر بڑی خوبصورتی سے سجا رہے ہیں۔ یہ تین روزہ تقریبات پوری ریاست میں، خاص طور پر دیہی علاقوں میں منائی جا رہی ہیں، کیونکہ کسان اِس تہوار سے پہلے اپنی فصلیں کاٹتے ہیں۔

اسی دوران حیدرآباد میں رنگ برنگی پتنگیں اُڑائی جائیں گی کیونکہ آج بعد میں سکندرآباد کے پریڈ گراؤنڈ میں تلنگانہ بین الاقوامی پتنگ فیسٹیول شروع ہو رہا ہے، جس میں 20 سے زیادہ ملک حصہ لے رہے ہیں۔

حیدرآباد سے لکشمی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ...........

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Iran EU Nuke Talks

ایران اور تین یوروپی ملکوں کے درمیان، تیسرے راؤنڈ کی بات چیت آج سوئٹزرلینڈ کے شہر جنیوا میں دوبارہ شروع ہونے کی تیاری ہے۔ اِس دو روزہ میٹنگ میں نیوکلیائی معاملے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ یوروپی یونین کے نمائندے بھی اِن مذاکرات میں شرکت کریں گے، جس میں ایران، جرمنی، فرانس اور برطانیہ بھی شامل ہوں گے۔

اِس سے پہلے وزارتِ خارجہ کی ترجمان فاطمہ مُہاجِرانی نے کہا کہ جہاں تک ایران کے اعلیٰ ترین مفادات پر غور و خوض کا تعلق ہے تو ایران اپنے نیوکلیائی پروگرام پر مغربی ملکوں کے ساتھ بات چیت کے لیے تیار ہے۔

حالیہ دنوں میں ایران کی وزارتِ خارجہ کے ترجمان اسمٰعیل باغئی نے کہا کہ یہ آئندہ میٹنگ، پچھلی بات چیت کا ہی حصہ ہے۔

اِس میٹنگ سے پہلے، برطانیہ، فرانس اور جرمنی نے قرارداد کا ایک مسودہ پیش کیا تھا، جسے امریکہ کی حمایت حاصل تھی۔ یہ قرارداد ایران کی طرف سے پوری طرح تعاون نہ کیے جانے کی وجہ سے 21 نومبر 2024کو، بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی IAEA کو پیش کی گئی تھی، جسے 35 میں سے 19 ووٹ سے منظوری ملی تھی۔×

IMD Weather

بھارتی محکمہئ موسمیات IMD نے پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلی اور مغربی راجستھان کے دور دراز کے علاقوں میں آج دن میں شدید سردی کی پیشگوئی کی ہے۔ ملک کی شمالی، مشرقی اور شمال مشرقی ریاستوں میں اگلے دو روز کے دوران صبح اور رات کے وقت میں گھنا کہرا چھائے رہنے کا امکان ہے۔

موسمیات کے دفتر نے اروناچل پردیش، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، تمل ناڈو ، پڈوچیری، کرائیکل، کیرالہ اور ماہے میں کل تک گرج چمک اور بجلی چمکنے کی پیشگوئی کی ہے۔

IMD نے کہا ہے کہ اگلے دو سے تین روز کے دوران شمال مغربی، وسطی اور مغربی بھارت میں کم سے کم درجہ حرارت میں بتدریج دو سے تین ڈگری سیلسیس کی کمی کا امکان ہے۔ لیکن اس کے بعد، اگلے تین روز کے دوران درجہ حرارت میں بتدریج دو سے چار ڈگری کا اضافہ ہوسکتا ہے۔ ملک کے مشرقی حصے میں اگلے دو روز کے دوران کم سے کم درجہ حرارت میں دو سے تین ڈگری سیلسیس کا اضافے کا امکان ہے۔x

Puducherry HMPV

ایک پانچ سالہ بچی کو بخار، کھانسی اور زکام کی علامات کے ساتھ کل پڈوچیری کےJIPMER اسپتال میں داخل کیا گیا ہے۔ صحت اور خاندانی بہبود کی خدمات سے متعلق مرکز کے زیرانتظام علاقے کے محکمے کے ذریعے جاری کی گئی ایک ریلیز کے مطابق یہ بچی ہیومین میٹا نیمو وائرس(HMPV) سے متاثر پائی گئی ہے۔

حکام نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ یہ بچی تیزی سے صحت یاب ہو رہی ہے اور سبھی احتیاطی اقدامات کیے گئے ہیں تاکہ بچی کی حفاظت اور انفیکشن کے پھیلاؤ کے روکنے کو یقینی بنایا جاسکے۔

پڈوچیری میں اس ہفتے HMPVکا یہ دوسرا معاملہ ہے۔

Tamilnadu CM Indian Fisherman

تمل ناڈو کے وزیر اعلیٰ ایم کے اسٹالِن نے، وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ سری لنکا کی بحریہ کے ہاتھوں، حراست میں لیے گئے، بھارتی ماہی گیروں کی رہائی کو یقینی بنانے کے لیے فوری سفارتی قدم اُٹھائیں۔ جناب اسٹالِن نے اپنے خط میں، تمل ناڈو کے ماہی گیروں کو بار بار گرفتار کیے جانے پر گہری تشویش ظاہر کی ہے۔ گرفتاری کے سبب ماہی گیر برادری میں، خوف و حراس اور غیر یقینی کیفیت پیدا ہو گئی ہے۔

وزیر اعلیٰ نے، کل رامیسوَرم کے 8 ماہی گیروں کو حراست میں لیے جانے کے تازہ ترین واقعے کا ذکر کیا۔ اِن ماہی گیروں کی دو کشتیاں بھی ضبط کر لی گئی ہیں۔

جناب اسٹالِن نے مرکزی حکومت سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ اِس سلسلے میں، ایک مضبوط اور تال میل پر مبنی سفارتی کوشش کریں، تاکہ حراست میں لیے گئے سبھی ماہی گیروں اور کشتیوں کی جلد از جلد رہائی یقینی ہو۔x

EAM Spain Visit

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج سے اسپین کے دو روزہ سرکاری دورے پر روانہ ہوں گے۔ وزیر خارجہ کی حیثیت سے یہ اُن کا پہلا دورہ ہوگا۔

اپنے دورے میں ڈاکٹر جے شنکر اسپین کی کے رہنماؤں ملاقات کریں گے اور باہمی تعلقات کے تمام تر پہلوؤں کے ساتھ ساتھ آپسی مفاد کے علاقائی اور عالمی امور پر اسپین کے اپنے ہم منصب Manuel Albaras کے ساتھ تبادلہ خیال کریں گے۔

ڈاکٹر جے شنکر اسپین کے سفیروں کی نویں سالانہ کانفرنس سے خطاب کریں گے اور بھارتی برادری سے بھی ملاقات کریں گے۔x

## Thailand ADGMIN

آسیان ملکوں کے ڈیجیٹل امور کے وزیروں کی پانچویں میٹنگ ADGMIN آج تھائی لینڈ کی راجدھانی بینکاک میں شروع ہوگی۔ اِس میٹنگ میں، ڈیجیٹل پالیسیوں کے، آسیان کے وزیر یکجا ہوں گے اور خطّے کے، مستقبل کے ڈیجیٹل امور اور مذاکرات کے شراکت داروں کے ساتھ اشتراک میں اضافے پر بات چیت کریں گے۔ شراکت داروں میں بھارت، چین، جاپان، جنوبی کوریا اور امریکہ شامل ہیں۔ اِس سال کا موضوع ہے ''محفوظ، اختراعی، سب کی شمولیت: آسیان کے ڈیجیٹل مستقبل کی تشکیل''، جس میں سائبر سکیورٹی کو لاحق خطرات کو دور کرنے، تکنیکی اختراع کے فروغ اور ڈیجیٹل آلات تک مساویانہ رسائی میں اضافے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔ سبھی 10 آسیان ملکوں کے مندوبین، تِمور لیستے اور آسیان کے سیکریٹری جنرل، اِن مذاکرات میں شرکت کریں گے۔x

## Maharashtara Highway

مہاراشٹر کے ناشِک ضلعے میں، گَل دوارکا سرکل میں، ایک فلائی اوور پر ایک ٹیمپو اور ٹرک میں ٹکّر کے حادثے میں 6 افراد ہلاک اور تقریباً 10 زخمی ہو گئے۔ یہ حادثہ شام ساڑھے سات بجے Ayyappa مندر کے قریب پیش آیا، جب 16 مسافروں کو لے جاتے ہوئے ایک ٹیمپو، ناشِک میں CIDCO علاقے سے گزر رہا تھا۔ یہ لوگ نیھاڑ علاقے میں ایک مذہبی تقریب میں شرکت کے بعد واپس آ رہے تھے۔ ناشِک کے سرکاری اسپتال کے میڈیکل آفیسر چارو دتّا شندے نے بتایا کہ اِس حادثے میں 10 سے 12 مسافر شدید زخمی ہوئے ہیں اور اندیشہ ہے کہ مرنے والوں کی تعداد بڑھ جائے۔ پولیس نے کہا کہ 2 زخمیوں کی حالت نازک بتائی جاتی ہے اور زخمیوں کو ناشِک کے ضلع اسپتال میں داخل کرا دیا گیا ہے۔x

## Must Announcement

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ''ٹی بی سے پاک بھارت'' کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔ یہ مذاکرہ، صحت اور خاندانی بہبود کی وزارت کے ماتحت ٹی بی معاملات کی DDG پروفیسر اُروَشی ڈی سنگھ کے ساتھ کیا جائے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر، پانچ صفر

اور

صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،

اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات

نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار

پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔ x

## Khokho Word Cup

کھوکھو عالمی کپ 2025 آج نئی دلی کے اندرا گاندھی انڈور اسٹیڈیم میں شروع ہوگا۔ بھارتی اولمپک ایسوسی ایشن کی نگرانی میں افتتاحی ایڈیشن میں مردوں کی 20 اور خواتین کی 19 ٹیمیں شامل ہوں گی۔

بھارت کی کھوکھو فیڈریشن (KKFI) نے مردوں اور خواتین کے مقابلے کے لیے، ہر ٹیم کے 15 ممبروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔

آج شام ساڑھے آٹھ بجے بھارتی مردوں کی ٹیم نیپال کے خلاف افتتاحی میچ سے اپنی مہم کا آغاز کرے گی۔x

## Women Cricket

خواتین کرکٹ میں بھارت نے کل راجکوٹ میں تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز کے دوسرے میچ میں آئرلینڈ کو 116 رن سے شکست دے کر تین ایک روزہ بین الاقوامی میچوں کی سیریز دو صفر سے اپنے نام کرلی ہے۔ Jemimah Rodrigues کو شاندار سینچری بنانے پر میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

## ISL Football

انڈین سپرلیگ ISL فٹبال میں، کل ممبئی Arena اسٹیڈیم میں کھیلے گئے ایک میچ میں، جمشیدپور FCنے میزبان ممبئی سِٹی FCکو تین-صفر سے شکست دے دی۔ اِس جیت کے ساتھ ہی جمشیدپور FC پوائنٹس ٹیبل پر تیسرے مقام پر پہنچ گئی ہے۔

آج کیرالہ بلاسٹرز FCکا مقابلہ اُڈیشہ FCسے اُن کے گھریلو میدان کوچی میں جواہر لال نہرو اسٹیڈیم میں ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......اسد اللہ

شکریہ - اسلم

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ انقلاب، راشٹریہ سہارا اور پرتاپ نے وزیراعظم نریندر مودی کے وکست بھارت ینگ لیڈرس ڈائیلاگ 2025 سے خطاب کئے جانے کی خبر کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا نے جناب مودی کے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ ہدف کے بغیر زندگی کا کوئی مقصد نہیں، ہمیں اپنے نوجوانوں پر پورا بھروسہ ہے۔ ساتھ ہی آج کے بیشتر اخباروں نے وزیراعظم مودی کے جموں وکشمیر کا دورہ آج ہونے کی خبر کو بھی اہمیت کے ساتھ پیش کیا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے گروگرام میں ماسٹرز یونین کے چوتھے کنوینشن کی تقریب سے نائب صدر جمہوریہ کے خطاب کو نمایاں کیا ہے جس میں انھوں نے نوجوانوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان اپنے آپ پر بھروسہ رکھیں اور اپنی ہنر مندی سے روزگار میں خود کفیل بنیں۔

امریکہ کے نو منتخب صدر ڈونالڈ ٹرمپ کی حلف برداری تقریب میں وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر بھارت کی نمائندگی کریں گے، اس خبر کو تقریباً سبھی اخباروں نے پیش کیا ہے۔

اخبارات کی بین الاقوامی خبریں کچھ اس طرح ہیں:

_ لبنانی وزیراعظم کا 15سال بعد شام کا پہلا دورہ۔

_ امریکہ میں لگی آگ کے اور زیادہ پھیلنے کا خطرہ آگ کے اس واقعے میں مہلوکین کی تعداد بڑھ کر 16 ہوگئی ہے۔

_ یمن گیس اسٹیشن میں دھماکہ، مرنے والوں کی تعداد 15 ہوئی۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج جموں و کشمیر میں سون مرگ ٹنل پروجیکٹ کا افتتاح کریں گے۔

2- دنیا کا سب سے بڑا روحانی اور ثقافتی اجتماع مہا کُمبھ میلہ پریاگ راج میں، پَوش پورنیما کے موقع پر امرت سنان سے شروع ہو رہا ہے۔

3- فصلوں کا تہوار لوہڑی آج پورے شمالی بھارت میں منایا جا رہا ہے۔

4- ایران اور تین یوروپی ملکوں کے درمیان تیسرے دور کی نیوکلیائی بات چیت جنیوا میں ہوگی۔

5- شمالی بھارت میں کڑاکے کی سردی پڑ رہی ہے اور پورے خطّے میں گھنا کہرا چھایا ہوا ہے۔

6- اور کھوکھو عالمی کپ 2025 آج نئی دلّی میں شروع ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔